دار الافتاء والقضاء

الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> majid
Address :> Karachi
Sebject :> deoband
Writer :> شہزاد حسین

Serial No :> 6027
Fatwa No :> ۲۱۲۲۳م
Date :> 2/25/2009
Email :>

بغور ملاحظہ

assalam-o-alaikum,main "DEVBAND" ka matlab jan'na chahata hun kyun ki main ne aik kitab main is ka matlab "shetan ki jamat"parha tha.kyunki "DEV" ka matlab shetan hai plz wazhe karen.

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

میں "دیوبند" کا مطلب جاننا چاہتا ہوں کیونکہ میں نے ایک کتاب میں اس کا مطلب "شیطان کی جماعت" پڑھا ہے کیونکہ "دیو" کا مطلب شیطان ہے۔ مہربانی فرماکر واضح کریں۔

الجواب حامداً و مصلیاً

واضح ہو کہ دیوبند ہندوستان میں واقع مقام کا نام ہے جسکی شہرت اسمیں قائم شدہ مدرسہ دار العلوم کی بناء پر ہے اور دیوبندی عرف کے اعتبار سے وہ حضرات کہلاتے ہیں جو کہ دار العلوم دیوبند کے علماء اکرام سے موافقت رکھتے ہیں، دیوبند کے لفظی ترجمہ سے اسکا کوئی تعلق نہیں۔

تاہم دیوبند کے معانی لغت کے اعتبار سے مختلف کئے گئے ہیں بعض حضرات نے کہا ہیکہ ہندوؤں نے اپنی معبودہ جسے وہ "دیوی" کہتے ہیں اسکی طرف نسبت کرکے "دیو" اور "بند" کے معنیٰ جگہ کے بھی ہیں یعنی "دیوی کی جگہ"، اسی طرح بعض حضرات کا کہنا ہیکہ وہاں جنات ہوا کرتے تھے جنہیں ہندو اپنے دیوتا مانتے تھے، علماء اکرام نے آکر وہاں کے تمام باطل طور طریقے ختم فرمائے اور ان جنات کو قید کردیا اس اعتبار سے یہ مقام دیوبند کہلانے لگا، جبکہ مسلک دیوبند کا اس لفظ کے اچھے بُرے معنیٰ سے کوئی تعلق نہیں۔ اور نہ یہ کہ اُن کے اعمال وغیرہ پر اثر انداز ہے، البتہ اہل بدعت اور دیگر مفسدین اپنی اسلامی دشمنی کو چھپاتے ہوئے اور علماء حق کو بدنام کرنے کی غرض سے اس قسم کے جاہلانہ انداز اختیار کرتے رہے ہیں جو ایک مسلمان کی شان کے لائق نہیں۔ اس سے احتراز ضروری ہے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم

بندہ شہزاد حسین عفی عنہ
دار الافتاء جامعۃ بنوریۃ عالمیۃ
۲۸ جمادی الثانی ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹ [illegible]

الجواب صحیح
عبداللہ شوکر [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹ [illegible] ۱۴۳۰ھ

دار الافتاء
۲۱۲۲۳م
۱۲/۲۹

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ